سبق-23

# رانی لکشمی بائی

| |
|---|
| بہادر ، جھانسی ، لکشمی بائی، انگریز ، حکومت ، حملہ ، آزادی |



مورو پنت کی بیٹی کا نام تھا منو۔
وہ بچپن سے ہی بہت بہادر تھی۔



منو نے نانا صاحب اور راؤ صاحب کے ساتھ گھوڑسواری کرنا اور تلوار چلانا سیکھا۔



منو کی شادی جھانسی کے راجہ گنگادھر راؤ کے ساتھ ہوئی اور نام رکھا گیا رانی لکشمی بائی۔




گنگادھر راؤ اچانک چل بسے۔



انگریز سرکار نے جھانسی کو اپنی حکومت میں ملانے کا ارادہ کیا۔



لکشمی بائی نے کہا میں اپنی جھانسی نہیں دوں گی۔



انگریزوں نے جھانسی پر حملہ کردیا۔



اپنے کم عمر لڑکے کو پیٹھ سے باندھ کر رانی اپنے ملک کی آزادی کے لئے بہت بہادری سے لڑی اور قربان ہوگئی۔

## مشق

1۔ ان سوالات کے جواب دیجیے۔

(1) جھانسی کی رانی کے بچپن کا نام کیا تھا؟

(2) منوبائی کی شادی کس کے ساتھ ہوئی تھی؟

(3) رانی نے انگریزوں کا پیغام لانے والے سے کیا کہا؟

(4) رانی لکشمی بائی نے جھانسی کی حفاظت کے لئے کیا کیا؟

(5) رانی لکشمی بائی کا نام امر کیوں ہوا؟

2۔ صحیح لفظ چن کر خالی جگہ بھریئے۔

انگریز، مورو پنت، جھانسی، نانا اور راؤ صاحب

(1) منوبائی کے والد کا نام ............... تھا۔

(2) منوبائی نے ............ اور ................. کے ساتھ ہتھیار چلانا سیکھا۔

(3) گنگادھر راؤ............... کے راجہ تھے۔

(4) ..................... سرکار نے جھانسی پر حملہ کر دیا۔

3۔ کس نے کس سے کہا؟

میں اپنی جھانسی نہیں دوں گی۔

.............................................

4۔ نیچے لکھے الفاظ کی ضد لکھیئے :-

(1) بیٹا = ................

(2) راجہ = ..................

(3) بھائی = ..................

(4) ڈرپوک = ..................

5۔ سوچیئے اور بتایئے:-

کیا ہوتا اگر رانی انگریزوں سے جنگ جیت جاتی؟

6۔ ان تصویروں کو دیکھ کر ایک کہانی لکھئے:-

ریگستان میں بھٹکتا پیاسا کوّا




گھڑے میں آدھا بھرا پانی




آدھے بھرے گھڑے میں کنکر ڈالتا کوّا



کنکروں سے بھرا گھڑا جس کا پانی اوپر آ رہا ہے۔



گھڑے میں آدھے کنکر بھر گئے ہیں
اور پانی ایک دم اوپر آ گیا ہے



گھڑے سے پانی پیتا ہوا کوّا



7۔ نیچے لکھے ہوئے الفاظ سے ملتے جلتے اور الفاظ لکھیے :

(1) رانی .................. ..................

(2) نانا .................. ..................

(3) راجا .................. ..................